Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 8 Short Questions Test

Q1. سورہ التوبہ کے شروع میں تسمیہ(بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیم) کیوں نہیں ہے؟

Ans 1: بسمہ اللہ نے لکھنے کی ایک وجہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ اس سورت کا نزول امان کا حکم اٹھالینے کےلیے ہوا اور بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیمہ امان کی تعلیم ہے.

Q2. آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورۃ البقرہ اور آل عمران کے متعلق کیا فرمایا.

Ans 1: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے ارشاد فرمایا: دو روشن سورتوں سورۃ البقرہ اور سورۃ ال عمران کو پڑھا کرو، کیوں کہ یہ دونوں قیامت کے دن اس طرح آئیں گی جیسے بادل ہوں یا جیسے پرندوں کی دو صف بستہ جماعتیں ہوں - یہ اپنے پڑھنے والوں کے لیے شفاعت کریں گی.

Q3. سورۃ البقرہ میں مال خرچ کرنے کی کیا ترتیب بتائی گئی ہے.

Ans 1: اللہ تعالی نے مال خرچ کرنےکی یہ ترتیب بتائی ہے کہ پہلے والدین ، رشتہ داروں اور پھر دیگر حاجت مندوں پر خرچ کیا جائے.

Q4. لفظ کے معنی تحریر کریں- خلفھم- ولا یودہ - یتخبطہ- اوتخفوہ- ملٰکتیہ- ان نسینا-

Ans 1: خلفھم- ان کے پیچھے- ولا یودہ- اسے نہیں تھکاتی - یتخبطہ- اسے پاگل کردیا اوتخفوہ- یا اسے چھپاؤ- ملائکتہ- اس کے فرشتے- ان نسینا- اگر ہم بھول جائیں

Q5. سورۃ التوبہ کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ مدنی سورت ہے.

Q6. سورۃ التوبہ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

Ans 1: سورۃ التوبہ کا مرکزی مضمون "مشرکین سے اعلان براءت یعنی لاتعلقی کا اظہار ، کفار کا حرم شریف سے نکالا جانا اور منافقین کی رسوائی " ہے.

Q7. سورۃ الانفال کی روشنی میں سچے ایمان والے کون ہیں؟

Ans 1: سچے ایمان والے وہ ہیں جو اللہ تعالی کی راہ میں ہجرت اور اس کی راہ مین جہاد کرتے ہیں- وہ آپس میں خیر خواہی اور ضرورت کے وقت ایک دوسے کی مدد کرتے ہیں-

---

Q8. سورت ال عمران میں کتنی آیات ہیں-

Ans 1: سورت آل عمران میں کل دو سو آیات ہیں

Q9. اسلام سے پہلے مال غنیمت کے بارے میں کیا تصور تھا؟

Ans 1: ظہور اسلام سے قبل ہونے والی جنگوں میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ میدان جنگ میں و مال جس کے ہاتھ آگیا وہ اسی کی ملکیت ہے- اس زمانے میں لوگ مال و دولت کے حصول کے لیے بھی جنگوں میں شریک ہوتے تھے- سورۃ االانفال میں اس جاہلانہ تسؤر کی نفی کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ اسلام میں جہاد کا مقصد صرف اور صرف اللہ تعالی کی رضا حاصل کرنا ہے.

Q10. سورۃ البقرہ کے مضامین کے نکات تحریرکریں-

Ans 1: 1- سورۃ البقرہ کا آغاز اسلام کے بنیادی عقائد یعنی توحید، رسالت اور آخرت کے بیان سے ہوا ہے اسی ضمن میں انسانوں کی تین قسمیں مومن، کافر اور منافق بیان کی گئی ہیں- 2- حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے تاکہ انسان کو اپنی پیدائش کا مقصد معلوم ہوا. 3- مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی سے متعلق بہت سے احکام بیان فرمائے گئے ہیں جن میں عبادات سے لے کر معاشرت، خادانی امور اور حکمرانی سے متعلق بہت سے مسائل ہیں-

---